URDU

**FAIRFAX COUNTY PUBLIC SCHOOLS**

# اسٹوڈنٹ MIFI چیک آؤٹ پروگرام
# ذمہ داری کی قبولیت اور گھر پر استعمال کا معاہدہ

میں ______________________، ______________________ کو
والدین یا سرپرست کا نام — طالب علم کا نام

________________ میں ہونے والے **MiFi** چیک آؤٹ پروگرام میں شرکت کی اجازت دیتا/ دیتی ہوں۔ میں یہ بات سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ درج
*Insert School Name Here*
بالا طالب علم کو گھر پر استعمال کرنے کے لیئے ایک MiFi ڈیوائس ادھار دی گئی ہے اور MiFi پر کیئے جانے والے اسائنمنٹس کا ریکارڈ FCPS Asset Inventory database میں رکھا جائے گا۔

**والدین/ سرپرست اور طالب علم مندرجہ ذیل شرائط سے اتفاق کرتے ہیں:**

1. والدین/ سرپرست اور طالب علم اس ڈیوائس کے ذمہ دارانہ استعمال سے متعلق رہنما اصولوں کا جائزہ لیں گے، جو اس دستاویز کے ساتھ منسلک کر دیئے گئے ہیں۔
2. والدین یا سرپرست اور طالب علم، فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک کاؤنٹی اسکولز کی طرف سے بیان کیئے گئے *طالب علم کے* *حقوق اور ذمہ داریوں* کے تمام پہلوؤں اور تعلیمی سال کے شروع میں دستخط کردہ *نیٹ ورک کے استعمال کی قابل قبول پالیسی* کا جائزہ لیں گے، یہ شرائط MiFi ڈیوائس کو اسکول سے باہر استعمال کرنے اور اس کی حفاظت پر لاگو ہوتی ہیں۔
3. ذیل میں دستخط کنندہ  طالب علم یا اس کے کسی بہن یا بھائی کو ہی اس ڈیوائس کے استعمال کا اختیار دیا جائے گا۔
4. MiFi ڈیوائس کے ذریعے انٹرنیٹ تک رسائی صرف تدریسی مقاصد کے لیے ہونی چاہیئے نہ کہ تفریحی مقاصد کے لیئے۔
5. MiFi ڈیوائس محفوظ انداز میں انٹرنیٹ پر موجود مواد کی فلٹرنگ کی ایک ایسی ایپلی کیشن کے ساتھ آتی ہے جو طالبعلم کو نقصان دہ اور انٹرنیٹ کی نامناسب ویب سائٹس تک رسائی کو محدود رکھنے کے لیے بنائی گئی ہے۔  پھر بھی والدین  اور سرپرستوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ MiFi ڈیوائس کے استعمال کے دوران اپنے بچوں پر نظر رکھیں۔
6. FCPS کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ انسٹال شدہ فلٹرنگ سافٹ ویئر کے ذریعے تیار کی گئی رپورٹس کے مواد کو دوبارہ دیکھ  یا اس کا جائزہ لے سکتے ہیں، جو محفوظ انداز میں استعمال شدہ ڈیٹا اور اس ڈیٹا تک رسائی کے اوقات کا ریکارڈ رکھتا ہے اور انٹرنیٹ پر کھوجی گئی ویب سائٹس کو بھی محفوظ رکھتا ہے۔
7. FCPS کے تعلیمی پروگرام سے ہٹ کر MiFi ڈیوائس پر انٹرنیٹ تک رسائی کی ممانعت ہے ( بشمول ذاتی گیمز اور میوزک ڈاؤن لوڈ کرنے اور دیگر ایپلی کیشنز انسٹال کرنے کے )
8. انسٹرکٹر یا اسکول کے کسی عملے کی طرف سے درخواست کیئے جانے پر یہ ڈیوائس اور اسکے ساتھ کے لوازمات  فوری طور پر حوالے کرنے ہونگے۔
9. والدین/ سرپرست اور/ یا طالب علم درج بالا ڈیوائس کی مکمل ذمہ داری قبول کرتے ہیں۔ والدین/ سرپرست اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ وہ طالب علم کی غفلت یا غلط روی کے باعث اس ڈیوائس کو پہنچنے والے کسی بھی طرح کے نقصان کا ازالہ کریں گے، چاہے یہ نقصان کسی بھی جگہ پہنچا ہو۔
10. والدین یا سرپرست اس ڈیوائس کے گم یا چوری ہو جانے یا اسے کسی طرح کا کوئی نقصان پہنچنے کی صورت میں ________________ کو ایک متبادل ڈیوائس کے لیے جرمانے کی رقم ادا کریں گے۔ یہ قیمت ڈیوائس اور ملحقات کی اصل قیمت سے
*Insert School Name Here*
اوپر نہیں جائے گی۔ ڈیوائس کے گم ہو جانے، چوری یا خراب ہو جانے کی صورت میں  والدین/ سرپرست اتفاق کرتے ہیں کہ وہ **پانچ** کاروباری دنوں کے اندر اندر اسکول سے رابطہ کریں گے تاکہ متبادل ڈیوائس کو یقینی بنانے کے لیے مناسب طریقہ کار عمل میں لایا جائے۔

## اسٹوڈنٹ MiFi چیک-آؤٹ پروگرام
## ذمہ دارانہ استعمال کے رہنما اصولوں پر گفتگو

**آپ کے طالب علم کو درج ذیل ہدایات کا لازماً جائزہ لینا چاہیئے۔**

1. FCPS سے ادھار لی گئی MiFi ڈیوائس کو صرف FCPS کے تعلیمی پروگراموں سے متعلق پراجیکٹس میں ہی استعمال کیا جانا چاہیئے۔ اس کو طالب علم کی ذاتی یا سوشل ڈیوائس کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیئے۔

2. MiFi ڈیوائس ایک قیمتی چیز ہے۔ اسے مناسب انداز میں استعمال کریں۔ اس کو پھینکنا، گرانا یا ٹھوکر نہیں لگنی چاہیئے۔ اس کو گاڑی کی چھت یا سامنے والے حصے پر نہیں رکھنا چاہیئے اور نہ ہی فٹ پاتھ یا گلی میں لے کر چلنا چاہیئے یا اسے ایسے کسی بھی انداز میں برتنا چاہیئے جس سے اس کے ٹوٹنے، گرنے یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔

3. MiFi ڈیوائس صرف آپ یا آپ کا کوئی بہن بھائی استعمال کر سکتا ہے۔ آپ کے دوستوں یا دیگر افراد کو اسے استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ تمام وقت اسے پالتو جانوروں سے دور رکھیں۔

4. MiFi ڈیوائس کو کلاس روم، بس، ہال وے، لنچ روم، جِم یا کسی بھی عوامی جگہ پر بنا نگرانی کے نہیں چھوڑنا چاہیئے۔

5. MiFi ڈیوائس کو پانی، گھر میں استعمال ہونے والے کیمیکلز، کھانے پینے کی اشیا یا دیگر ایسے محلول کے نزدیک بیٹھ کر استعمال نہیں کرنا چاہیئے جو اس کے برقی اجزا کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

6. MiFi ڈیوائس کو باہر لے جاتے وقت اس انداز میں محفوظ بنائیں کہ بارش، برفباری، برف، زیادہ گرمی اور یا سردی اسے نقصان نہ پہنچا سکے۔

7. MiFi ڈیوائس کے ذریعے انٹرنیٹ استعمال کرنے کے دوران، ایک ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے انٹرنیٹ کے استعمال سے متعلق رہنما اصولوں پر عمل کرنا انتہائی اہم ہے۔ ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے انٹرنیٹ کے استعمال سے متعلق رہنما اصولوں کی وضاحت تعلیمی سال کے شروع میں دستخط کردہ استعمال کی قابل قبول پالیسی میں انٹرنیٹ سیفٹی اور سیکورٹی سیکشن میں بیان کی گئی ہے۔

8. آپ کو اپنے اسکول سے چیک آؤٹ کی گئی MiFi ڈیوائس کے لیئے درکار تکنیکی مدد، اسکول کے اندر صرف اسکول کے اوقات میں ہی دستیاب ہو گی۔

والد یا والدہ/ سرپرست کا نام (براہ مہربانی صرف قالبی حروف): ________________________________

والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط (براہ مہربانی دستخط کریں): ________________________________

آج کی تاریخ: ___________